© rasailojaraid.com


## ''سماجی برائیوں کا انسداد اور قرآنی تعلیمات''۔ادارہ علوم القرآن کی تازہ پیشکش

ادارہ علوم القرن کے زیر اہتمام ۲۷۔۲۸ر ستمبر ۲۰۱۴ء کو'' سماجی برائیوں کا انسداد اور قرآنی تعلیمات'' کے عنوان سے دو روزہ سیمینار منعقد ہوا تھا۔ اس کے مقالات کا مجموعہ اسی عنوان سے منظر عام پر آگیا ہے۔ ۲۴۰ صفحات پر مشتمل یہ مجموعہ کنوینر سیمینار مولانا اشہد رفیق ندوی کا مرتب کردہ ہے۔ عرض مرتب، افتتاحی کلمات اور کلیدی خطاب کے علاوہ اس میں ۲۳ مقالات شامل ہیں۔ یہ مقالات سیمینار کے مرکزی موضوع کے مختلف اہم پہلوؤں سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان میں کچھ اہم موضوعات یہ ہیں: فساد فی الارض۔ تعریف وجہات، اخلاقی بحران۔ فتنہ وفساد کی اصل بنیاد، سماجی برائیوں کے انسداد کی قرآنی تدابیر وحکمتِ عملی، سماجی برائیوں کا انسداد اور استحضارِ آخرت، سماجی تفاخر کا انسدادِ قرآنی، انسدادِ استکبار۔ قرآن کی روشنی میں، ظلم وجبر کا قرآنی تصور، نفاق کا مرض اور اس کا قرآنی علاج، شراب اور نشہ کی ممانعت۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں، جنسی استحصال کا انسداد اور قرآنی تعلیمات، رحمِ مادر میں بچیوں کے قتل کا مسئلہ اور اس کا قرآنی حل، گداگری اور اس کا اسلامی علاج، ترسیل اطلاعات کے آداب وحدود۔ کتاب وسنت کی روشنی میں۔ کتاب کے آخر میں سیمینار کی تفصیلی رپورٹ بھی مندرج ہے۔

اس مجموعہ کے مقالہ نگاروں میں شعبہ اسلامک اسٹڈیز، دینیات، عربی، بایوکیمسٹری، الیکٹرانک انجینیرنگ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، ادراہ علوم القرآن، علی گڑھ، ادارہ تحقیق وتصنیفِ اسلامی، علی گڑھ علاوہ، جامعہ ملی اسلامیہ نئی دہلی، یونیورسٹی آف ممبئی، مدرسۃ الاصلاح سرائے میر، جامعۃ الفلاح بلریا گنج، جامعہ سلفیہ بنارس، جامعہ عربیہ تعلیم الدین، مئو اور فیروز ایجوکیشنل فاؤنڈیشن ممبئی کے اساتذہ ومحققین شامل ہیں۔ یہ مجموعۂ مقالات اپنے موضوع پر ایک محقق دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کی قیمت ۳۶۰ روپیے ہے اور اسے ادارہ علوم القرآن، شبلی باغ، علی گڑھ۔۲۰۲۰۰۲ سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

(ادارہ)

© rasailojaraid.com